**31.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... محمد عمار

**Music**

---

1- بھارت کی ایجنسیوں نے شدید زلزلے سے متاثرہ میانما میں "U hla thein" مٹھ میں بچاؤ کارروائیاں شروع کردی ہیں۔ فوجی ٹیم کل سے اپنی طبی خدمات شروع کردے گی۔

2- الہ آباد ہائی کورٹ نے اتر پردیش میں 443 ججوں سمیت 582 جوڈیشیل افسروں کے تبادلے کیے ہیں۔

3- آج ملک بھر میں عید الفطر پورے مذہبی عقیدت اور جوش و جذبے کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔

4- بھارتی فضائیہ آج سے یونان میں کثیر ملکی فضائی مشق INIOCHOS-25 میں شرکت کرے گی۔

5- اور IPL کرکٹ میں آج شام وانکھڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ کولکتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Opertaion Brahma MEA**

خارجی امور کی وزارت نے مطلع کیا ہے کہ NDRF کی ٹیم نے میانما کی اُس "U hla Thein" مٹھ میں بچاؤ کارروائیاں شروع کردی ہیں جہاں تقریباً 170 راہب اب بھی پھنسے ہوئے ہیں۔ وزارت نے بتایا ہے کہ فوج کی ٹیم آج ہاسپٹل کی جگہ کا دورہ کرے گی اور کل اپنی طبی خدمات شروع کرے گی۔ زلزلے سے متاثرہ میانما برہما آپریشن کے حصے کے طور پر وزارت خارجہ Sky Villa میں NDRF کی ایک ٹیم تعینات کرنے کی کوشش بھی کر رہی ہے، جہاں 11 منزلہ عمارت کے چار ٹاورس ڈھ گئے تھے۔ وزارت نے مزید بتایا ہے کہ جہاں راحت کا سامان اسٹیٹ مہا نایک کمیٹی کے SG کو بھی دیا جائے گا۔ جہاں مٹھ کے باہر تقریباً دو ہزار بھکشو بیٹھے ہوئے ہیں۔ وزارت نے یہ بھی بتایا کہ بھارت ان کے قیام اور کھانے کے لیے بھارتی برادری کے ارکان کو مدد فراہم کر رہا ہے۔x

## Allahabad HC Transfer

اتر پردیش میں الہ آباد ہائی کورٹ نے 582 جوڈیشل افسروں کے تبادلے کیے ہیں۔ جن افسروں کے تبادلے کیے گیے ہیں ان میں 236 ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اورسیشن جج صاحبان، سینئر ڈویژن کے 207 سول ججز اور جونیئر ڈویژن کے 139 جج صاحبان شامل ہیں۔ سال 2025 میں ہونے والے ججوں کے تبادلے کے لیے حکم، الہ آباد ہائی کورٹ کے جوائنٹ رجسٹرار ستیش کمار پشکر نے کل شام جاری کیے۔ تبادلہ کیے گئے سبھی ججز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ فوراً اپنا اپنا نیا عہدہ سنبھال لیں۔ کانپور میں ججوں کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے جن کا تبادلہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ علی گڑھ سے 11 جج صاحبان اور بریلی سے 5 ججوں کا بھی تبادلہ کر دیا گیا ہے۔x

## PM Katra Vande Bharat

وزیراعظم نریندر مودی 19 اپریل کو کٹرا سے کشمیر تک کے لیے 272 کلو میٹر طویل اُدھم پور، سری نگر، بارہمولہ ریل رابطے کے مکمل ہونے پر کٹرا سے کشمیر کیلئے پہلی وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ کل جموں میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے کہاکہ وزیراعظم نریندر مودی 19 اپریل کو ادھم پور پہنچیں گے۔ وزیراعظم دنیا کے سب سے بڑے ریلوے پُل کا دورہ کریں گے اور اِس کا افتتاح کریں گے۔ اِس کے بعد جناب مودی کٹرا سے وندے بھارت ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ یہ سروس پہلے کٹرا سے چلے گی کیونکہ جموں اسٹیشن پر تزئین کاری کا کام جاری ہے۔

حکام کے مطابق مذکورہ ٹرین سے جموں اور سری نگر کے درمیان سفر کے وقت میں نمایاں طور پر کمی آئے گی اور خطے میں رابطے میں بھی بہتری آئے گی۔ x

## Chattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے دانتے واڑہ ضلعے میں حفاظتی دستوں اور ماؤنوازوں کے درمیان ایک جھڑپ میں ایک خاتون ماؤنواز ہلاک ہوگئی۔ اطلاع کے مطابق حفاظتی دستوں کی ایک مشترکہ ٹیم نے بیجاپور دانتے واڑہ سرحدی ضلع پر واقع جنگلاتی علاقے میں نکسلیوں کے خلاف کارروائی شروع کی تھی۔ اس کارروائی کے دوران آج صبح ماؤنوازوں کے ساتھ مڈبھیڑ ہوگئی جس میں خاتون ماؤنواز ہلاک ہوگئی۔ حفاظتی دستوں نے ہلاک ہونے والی خاتون ماؤنواز کی لاش برآمد کرلی ہے اور جائے مڈبھیڑ سے ایک رائفل اور کچھ دھماکہ خیز مادہ بھی برآمد کیا ہے۔ علاقہ میں تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔x

## Rev. Eid Ul Fitar

آج عیدالفطر ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش و جذبے کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ عید رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے اختتام پر منائی جاتی ہے۔

عقیدتمندوں نے عید کی نماز عیدگاہوں اور بڑی مساجد میں ادا کی۔ لوگ ایک دوسرے کے رشتے داروں کے یہاں جاکر عید کی مبارکباد دے رہے ہیں اور میٹھائیاں تقسیم کر رہے ہیں۔ دلی میں عید کی نماز کے لیے بڑے اجتماعات، جامع مسجد، فتح پوری مسجد اور شاہی عیدگاہ میں منعقد ہوئے۔ اِس موقع پر سیکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے تھے۔x

## Eid Wishees

صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نریندر مودی نے عید الفطر کے موقع پر ملک کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ یہ فیسٹیول بھائی چارے کے جذبے کو مضبوطی فراہم کرتا ہے اور پیار و محبت اور سخاوت کو اختیار کرنے کا پیغام دیتا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ عید کا تہوار لوگوں کو ان کی ثقافتی گوناگونیت سے مضبوطی فراہم کرنے اور لوگوں کو اُن آپسی رشتوں کی یاد دلاتا ہے جو انھیں جوڑتے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے عید الفطر کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نریندر مودی نے اس امید کا اظہارکیا کہ اس تہوار سے امید، ہم آہنگی اور سماج میں رحم دلی کا جذبہ بڑھے گا۔ انھوں نے جدوجہد بھری سب کی زندگی میں خوشی اور کامیابی کی دعا کی۔x

## Telangana Eid

تلنگانہ ریاست میں عیدالفطر کا تہوار پورے مذہبی جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جا رہی ہے۔ ریاست بھر میں سبھی مسجدوں اور عیدگاہوں پر عید کی نماز ادا کی گئی۔ سب سے بڑا اجتماع حیدرآباد میں عیدگاہ میر عالم میں ہوا۔ جہاں، ہزاروں لوگوں نے عید کی خصوصی نماز ادا کی۔ تاریخی چار مینار، عیدگاہ Madannapet ، Masab Tank، Hockey Grounds، First Lancer میں واقع عیدگاہ پر بھی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے عید کی نماز ادا کی۔ گورنر Jishnu Dev Varma اور وزیراعلیٰ Revanth Reddy لوگوں کو عید کی مبارکباد پیش کی۔ حیدرآباد میں تہوار کا ماحول دیکھنے کو ملا جہاں لوگ اپنے کنبوں کے ساتھ اپنے رشتے داروں کو عید کی مبارکباد پیش کر رہے ہیں۔ مہمانوں کو شیر خورمہ ، بریانی اور دیگر میٹھایوں پیش کر رہے ہیں۔x

## Kerala Eid

نہایت جوش و خروش اور پاکیزگی نیز مذہبی عقیدت اور اتحاد کے جذبے کے ساتھ کیرالہ کے مسلمان بھی عید الفطر منا رہے ہیں۔

عید الفطر کی نماز ادا کرنے لئے بڑی تعداد میں لوگ عید گاہوں پر جمع ہوئے۔ لوگوں نے گرمجوشی کے ساتھ ایک دوسرے کو مبارکباد دی اور دعاؤں کا تبادلہ کیا۔ اس سال عید الفطر کے موقع پر منشیات کے خلاف ایک اہم پیغام دیا گیا، جس سے صحت مند معاشرے کے عزم کو تقویت ملی۔ کوچی کے مقام پر عیدالفطر کی نماز کے بعد منشیات کی روک تھام کے لئے عہد لیا گیا۔ اسی طرح تروانتت پورم میں عیدگاہ میں امام نے مسلم برادری پر زور دیا کہ وہ منشیات کی روک تھام کے اقدامات میں ایک اہم کردار ادا کریں۔ عیدالفطر کے موقع پر منشیات کی روک تھام کے پیغام کے شامل ہونے سے پاکیزگی، نظم و ضبط اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کی اقدار کو تقویت ملی۔

## IAF Greece

بھارتی فضائیہ IAF آج سے یونان میں شروع ہونے والی کثیر ملکی فضائی مشق INIOCHOS-25 میں حصہ لے گی۔ یونان کی Hellenic ایئر فورس کی میزبانی میں 12 روزہ یہ مشق ایلس کے تاریخی علاقے میں Andravida فضائی اڈے پر ہوگی۔ یہ مشق 11 اپریل تک جاری رہے گی۔ بھارتی فضائیہ کے دستے میں SU-30 ایم کے آئی لڑاکا طیاروں کے ساتھ ساتھ جنگی صلاحیت کے حامل IL-78 اور C-17 طیارے شامل ہوں گے۔ یہ مشق حصہ لینے والی فضائی افواج کے درمیان بین الاقوامی تعاون، تال میل اور ہم آہنگی کو فروغ دے گی۔ یہ مشق مشترکہ فضائی کارروائیوں کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد کرنے، پیچیدہ فضائی جنگی حالات میں حکمت عملی کو بہتر بنانے اور کام کاج کے بہترین طور طریقوں کے بارے میں بصیرت حاصل کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔

اِس مشق میں بھارتی فضائیہ کی شرکت نہ صرف اُس کی آپریشنل صلاحیتوں کو مستحکم کرے گی بلکہ شریک ممالک کے درمیان باہمی سیکھنے اور بہتر تال میل میں بھی مدد فراہم کرے گی۔ یہ مشق بھارت کی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید تقویت دے گی اور دوست ممالک کے ساتھ مشترکہ کارروائیوں میں اس کی صلاحیتوں کو تقویت فراہم کرے گی۔

## Telangana Coal Minister

کوئلہ کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج خاص طور پر ضلعوں اور دیہی علاقوں کے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے اسٹارٹ اپس اور انٹرپرائزز کے ساتھ آگے آئیں۔ حیدرآباد میں وکِست بھارت انٹرپرینیورس نیٹ ورک آفس کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں

مرکزی حکومت نوجوانوں کو اپنے کاروبار اور اسٹارٹ اپس شروع کرنے کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے تاکہ وہ 2047 تک ملک کو ترقی یافتہ بنانے کے لیے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرسکیں۔ جناب ریڈی نے مزید کہا کہ وکست بھارت انٹرپرینیورس نیٹ ورک جیسی تنظیمیں نوجوانوں کو اپنے کاروبار شروع کرنے کے لیے ضروری مدد، تربیت، آگاہی اور مدد فراہم کررہی ہیں۔

وزیر موصوف نے اعتماد ظاہر کیا کہ اِن کوششوں سے نوجوانوں کو کافی فائدہ حاصل ہوگا۔

## Anupriya Biscon

صحت کی مرکزی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے کہا ہے کہ آیوشمان بھارت اسکیم کے تحت اب تک 150 ملین خواتین کی چھاتی کے کینسر کی جانچ کی جا چکی ہے۔ نئی دلی میں Breast Imaging Society of India کے زیر اہتمام Midterm BISICON-2025 سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں 200 ڈے کیئر سینٹر قائم کیے جا رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ ایک صحت مند طرز زندگی، بیداری، وقت پر جانچ اور علاج سے چھاتی کی کینسر سے ہونے والی اموات کی شرحوں کو کم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیداری کی کمی کی وجہ سے اس بیماری کی مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔×

## Thailand Chinese Detain

تھائی لینڈ میں حکام نے جمعہ کو آئے طاقتور زلزلے کے بعد بینکاک میں 30 منزلہ زیرتعمیر اونچی عمارت کے منہدم ہونے والی ایک جگہ کے اندر غیر قانونی طور پر داخل ہونے کے لیے 4 چینی شہریوں کو حراست میں لے لیا ہے۔ پولس نے بتایا ہے کہ وہ اس جگہ سے دستاویزات کی 32 فائلیں نکالنے کی کوشش کر رہے تھے اُس عمارت کی اس وجہ سے تحقیقات کی جا رہی ہے کیونکہ اس زیرتعمیر عمارت کا ایک چینی تعمیراتی کمپنی سے تعلق تھا۔ 30 منزلہ زیرتعمیر عمارت سات اعشاریہ سات کی شدت کے زلزلے کے دوران چند ہی سیکنڈ کے اندر منہدم ہوکر ڈھیر ہوگئی تھی۔ تھائی لینڈ نے تصدیق کی ہے کہ مرنے والوں کی تعداد 18 تک جاپہنچی ہے اور 32 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔×

## Israel New Shin Bot Chief

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے اسرائیلی بحریہ کے سابق سربراہ رٹائرڈ وائس ایڈمرل Eli Sharvit کو اسرائیلی سکیورٹی ایجنسی، Shin Bet کا اگلا ڈائرکٹر مقرر کیا ہے۔ یہ فیصلہ 7 اکتوبر 2023 کو حماس حملوں کے پیش نظر اِس عہد کیلئے کئی امیدواروں کے بارے میں مکمل جائزہ لینے کے بعد کیا گیا ہے۔

7 اکتوبر 2023 کو حماس کے اِن حملوں نے اسرائیل کی انٹیلیجنس اور تیاریوں کے بارے میں اہم خامیوں کا پردہ فاش کردیا تھا۔ Sharvit نے اسرائیل کی سمندری توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے میں ایک کلیدی رول ادا کیا تھا۔ اُن کی قیادت میں حماس ، حزب اللہ اور ایران کو نشانہ بنا کر کئی مختلف خفیہ آپریشن کئے گئے تھے۔

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اروناچل پردیش، کونکن اور گوا کے علاوہ مہاراشٹر، گجرات خطے، تریپورہ اور کیرالہ کے دور دراز کے علاقوں میں آج تیز ہواؤں اور بجلی کڑکنے کے ساتھ گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے آج سوراشٹر اور کچھ کے دور دراز کے علاقوں میں گرم ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ توقع ہے کہ آسام، تریپورہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، ساحلی آندھرا پردیش اور کیرلہ کے علاوہ ماہے کے کچھ علاقوں میں بھی گرم اور حبس جیسے حالات رہنے کا امکان بھی ظاہر کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے تین دن کے دوران ملک کے شمال مغربی حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں پانچ اعشاریہ سات ڈگری سیلسیئس ہونے کا امکان ہے۔×

## Trump Iran And Russia

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی نیوکلیائی معاملے پر بات چیت پر فوجی کارروائی کے انتباہ کے کچھ گھنٹے بعد ایران میں مسلح افواج نے ایسے میزائل تیار کر لیے ہیں جو امریکی ٹھکانوں کو نشانہ بنا سکتے ہیں۔ سرکاری میڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق ان میں سے کئی میزائل ملک بھر میں زیر زمین تنصیبات پر نصب کیے گئے ہیں۔ اس سے پہلے کل ایک پرائیویٹ میڈیا کے ساتھ انٹرویو کے دوران صدر ٹرمپ نے خبردار کیا تھا اگر ایران اپنے نیوکلیائی پروگرام پر واشنگٹن کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کرتا ہے تو اُسے بمباری اور اضافی محصولات کا سامنا کرنا پڑیگا۔×

## IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔ ممبئی کو ابھی بھی ٹورنامنٹ کی پہلی جیت کی تلاش ہے۔ دوسری جانب کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ایک میچ جیتا ہے اور ایک میچ میں اسے شکست ہوئی ہے۔

اِس سے پہلے کل رات گوہاٹی کے برساپارہ کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے چنئی سپرکنگز کو 6 رن سے ہرادیا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے راجستھان رائلز نے 9 وکٹ کے نقصان پر 182 رن بنائے۔ اِس کے جواب میں چنئی سپر کنگز مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 176 رن ہی بناسکی۔

نتیش رانا کو، جنہوں نے راجستھان رائلز کیلئے 36 گیندوں میں شاندار 81 رن بنائے، میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆